15 معاشرتی تغیر/ تبدیلی

SOCIAL CHANGE

اس باب میں آپ جانیں گے:

- معاشرتی تغیر کے تصور کی وضاحت اور تعریف
- معاشرتی و ثقافتی تغیر کے درمیان تعلق
- معاشرتی تغیر کے عوامل
- معاشرتی تغیر کے مراحل
- معاشرتی تغیر کی رکاوٹیں اور معاشرہ میں تغیر

www.downloadclassnotes.com

انسان کی معاشرتی زندگی میں جو اختلافات نظر آتے ہیں وہی معاشرتی تغیر ہے۔ جو عمارتیں سو سال پہلے تھیں وہ آج نہیں رہی ان کی جگہ نئی طرز کی نئی عمارتیں بن گئیں۔ جو لوگ پہلے تھے وہ مر گئے ان کی جگہ نئی نسل نے لے لی۔ آبادیوں میں اضافہ ہوا۔ گاؤں شہر میں بدل گئے۔ چھوٹے شہر بڑے بن گئے۔ لوگوں کی معاشرتی زندگی بدل گئی۔ شادی بیاہ کی رسومات بدلی پرانی طرز کاشت کی جگہ مشینی زراعت لے رہی ہے۔ ناخواندہ افراد کی جگہ تعلیم یافتہ افراد آرہے ہیں۔ نئے نئے کارخانے لگ رہے ہیں بازار میں نئی نئی مصنوعات دوکانوں کی زینت بنی ہوئی ہیں۔ جو ہماری ثقافت میں تبدیلی کی وجہ ہیں۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> جب تبدیلیاں لوگوں میں مقبول ہو جائیں تو وہ معاشرتی تبدیلیاں کہلاتی ہیں۔

ثقافتی تبدیلیاں جب معاشرے کے افراد میں مقبول ہو جائیں اور ان کی زندگی میں نمایاں تبدیلیاں لے آئیں تو ان تبدیلیوں کو معاشرتی تغیر کہتے ہیں۔

تعریف (Definition):

کنگزلے ڈیوس (Kingsley Davis) نے لکھا ہے کہ:

"سماجی ڈھانچہ اور سماجی تعلقات میں تبدیلی کو سماجی تغیر یا تبدیلی کہتے ہیں۔"

"Change in social structure and social relation is called social change".

سوروکن (Sorokin) کے بقول:

"سماجی تبدیلی عادات، رواج، روایات، اقدار، عقائد اور دیگر ذرائع و اقدامات میں وہ نمایاں فرق ہے جو دو مختلف اوقات میں گروہی زندگی میں باقاعدگی پیدا کرتے ہیں۔"

ایف-ای-میرل (F.E. Merill) کے مطابق:

"معاشرتی تغیر سے مراد یہ ہے کہ لوگوں کی تعداد ایسی سرگرمیوں میں حصہ لی رہی ہو جو ان سرگرمیوں سے مختلف ہوں جن میں کچھ عرصہ پہلے وہ یا ان کے آباؤاجداد حصہ لیتے تھے۔"

اس سے بھی واضح ہے کہ ایک نسل کی حرکات دوسری نسل میں جا کر بدل جاتی ہیں۔ اسی کا نام تبدیلی ہے۔ جو سرگرمیاں والدنے کیں وہ اس کا بیٹا نہیں کرتا۔ دونوں کی حرکات میں فرق ہو گا۔ اسی طرح پورا معاشرہ نہایت تیزی کے ساتھ بدلتا ہے۔

کوھن (Cohen) کے مطابق:

"معاشرے کی ساخت، لوگوں کے رویے، تعلقات و طرزِ زندگی میں تبدیلی سماجی تغیر کہلاتی ہے۔"

اس تعریف سے ظاہر ہے کہ "دو مختلف اوقات میں معاشرتی زندگی میں مطابقت پیدا کرنے سے انسانی رویہ میں جو تبدیلی آتی ہے۔ وہی معاشرتی تغیر ہے۔"

معاشرتی و ثقافتی تغیر کا تعلق

(Relationship between Social & Cultural Change)

ان مثالوں سے واضح ہوا کہ ثقافتی تغیر اور معاشرتی تغیر دونوں ایک دوسرے کے ساتھ وابستہ ہیں۔ معاشرتی تغیر سے ثقافتی تغیر ہوتا ہے۔ اور ثقافت کی تبدیلی معاشرے میں تبدیلی لاتی ہے۔ جیسے ٹائپ مشین کی ایجاد ایک ثقافتی تغیر ہے اور اس کے استعمال سے معاشرے میں جو تبدیلیاں اور ترقی ہوئی وہ معاشرتی تغیر ہے۔ کارل مارکس کے نظریۂ مادیت (Materialism) کا وجود ایک ثقافتی تغیر ہے اس سے سوشلزم (Socialism) کی آمد ایک معاشرتی تغیر ہے اور اس تبدیلی کے اثرات ۱۹۴۷ء میں پاکستان کی تخلیق کی صورت میں ظاہر ہوئے ہوا ایک بہت بڑی معاشرتی تبدیلی تھی۔ عام طور پر ثقافتی تغیر پہلے آتا ہے اور پھر معاشرتی تغیر اس کے ساتھ ساتھ ہولیتا ہے۔ لیکن کئی بار ایسے بھی ہوتا ہے کہ معاشرتی تغیر پہلے اور ثقافتی تغیر بعد میں۔ اسی طرح دونوں ایک ہی وقت میں بھی رونما ہو جاتے ہیں۔ ریڈیو، ٹی وی، کمپیوٹر کی ایجاد بھی ثقافتی تغیر ہے اور ان سے لوگوں کی معاشرتی زندگی میں جو تبدیلیاں آتی ہیں وہ معاشرتی تغیر کہلاتی ہیں۔ ریلوے انجن، ہوائی جہاز، ٹیلیفون اور انٹرنیٹ، موبائل فون، تار اور فیکس مشین کی ایجادات تبدیلیاں ہیں جنہوں نے معاشروں میں انقلاب برپا کر دیا اور معاشرتی تبدیلیوں کے نئے جال بچھا دیئے۔

معاشرتی و ثقافتی تغیر

ثقافتی تغیر	معاشرتی تغیر
ا۔ پتنگ بازی پر پابندی کا قانون ثقافتی تغیر ہے۔	اس قانون سے لوگوں کی جانوں کو تحفظ ملا جو کہ ایک معاشرتی تغیر ہے۔
۲۔ ٹیلیویژن ثقافتی تغیر کا اہم عنصر ہے۔	اس سے بھی خیالات ، عادات اور رسم و رواج بدلتے ہیں۔ جن سے معاشرتی تغیر آسان ہوتا ہے۔
۳۔ ٹیلیفون، فیکس، انٹرنیٹ اور ای میل (E-mail) کے نظام بھی ثقافتی تغیر کی علامت ہیں۔	مواصلات کے یہ ذرائع معاشرتی تفاعل آسان اور تیز کرتے ہیں جس سے افراد میں گروہی زندگی پیدا ہوتی ہے۔
۴۔ CNG ٹیکنالوجی کی آمد ایک ثقافتی تغیر ہے۔	اس کا گاڑیوں میں استعمال ہونا اس کے جگہ جگہ فلنگ پمپس کا بننا' CNG ورکشاپس کا جگہ جگہ کھلنا' CNG کے سستے (Low-cost) ہونے سے گاڑیوں کا زیادہ استعمال ہوا جس سے شہروں میں ٹریفک کے مسائل میں اضافہ ہوا یہ سب معاشرتی تغیر ہے۔
۵۔ موبائل فون ٹیکنالوجی کی آمد ایک ثقافتی تغیر ہے۔	جس سے لوگوں میں مواصلات میں تیزی آئی' جگہ جگہ موبائل فون کے کاروباری ادارے و مراکز قائم ہوئے' دیہاتوں میں مواصلات کی سہولت میسر ہوئی یہ سب معاشرتی تغیر ہے۔
۶۔ دو قومی نظریہ کی بنیاد مسلمانوں اور ہندوؤں کے درمیان مذہبی، سیاسی، سماجی و ثقافتی فرق کی بنیاد پر تھی جو اہم ثقافتی تبدیلی تھی۔	اس کی بنیاد پر مسلم لیگ کی تحریک تیز ہوئی اور پاکستان وجود میں آیا جو اہم معاشرتی تغیر ہے۔
۷۔ مشینی کاشت اور جدید نظام کاشتکاری جن میں کیڑے مار ادویات، کھاد کا استعمال، ٹریکٹر، ٹیوب ویل، روٹا ویٹر، تھریشر،	ان تبدیلیوں کو اپنا کر زرعی معیشت میں ترقی ہوئی جس سے معاشرے کی ضروریات پوری ہوئیں اور ترقی کی رفتار تیز ہوئی لوگوں کا معیار زندگی

کمبائن ہارویسٹر، (گندم کاٹنے و دانے علیحدہ کرنے والی مشین) شامل ہیں۔ ثقافتی تغیر کی علامات ہیں۔	بہتر ہوا یہ معاشی تغیر کہلاتا ہے۔
۸۔ نئے علوم کی آمد اور نئی کتابوں کی اشاعت ایک ثقافتی تغیر ہے۔	ان علوم کی مقبولیت اور کتابوں سے استفادہ کرکے معاشرتی زندگی میں تبدیلیاں لائی جاتی ہیں۔ وہ معاشرتی تغیر ہے۔
۹۔ اسلام کی آمد دنیا کے معاشرں کے لیے ثقافتی تبدیلی تھی۔	اسلام کو اپنا کر دنیا کے معاشروں نے اپنی زندگی بدل ڈالی زبردست معاشرتی تبدیلیاں ہوئیں۔ تمام ادارے بدلے ان کے نظام بدلے، ساخت بدلی اور وظائف بدلے۔
۱۰۔ نظام تعلیم ثقافتی تغیر ہے۔	نظام تعلیم کی وجہ سے لوگوں نے خواندگی حاصل کی اور اپنی معاشرتی زندگی سے قدامت دور کرکے جدت حاصل کی۔ جس سے معاشرتی ترقی ہوئی جو معاشرتی تغیر کا اہم نشان ہے۔
۱۱۔ شادی پر کھانے کے بے جا اخراجات کی پابندی کا بل ۱۹۹۷ء	شادی کے اخراجات کم ہوئے لہٰذا معاشی دباؤ کم ہوا۔

معاشرتی تغیر کے مراحل
(Steps of Social Change)

معاشرتی تبدیلیاں درج ذیل مراحل سے ہوتی ہوئی لوگوں میں مشہور ہوتی ہیں یا ختم ہو جاتی ہیں۔

1- آگہی (Awarness): کوئی بھی نئی چیز تبدیلی اس وقت تک لوگوں میں مشہور نہیں ہوتی جب تک لوگوں کو اس کے بارے میں آگہی نہ ہو۔ یہ معاشرتی تبدیلی کا پہلا مرحلہ ہے۔

2- دلچسپی: (Interest): جب لوگوں کو اس کے بارے میں آگہی ہو جاتی ہے تو وہ اس کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں اور اس میں دلچسپی لیتے ہیں۔ ان کی کوشش ہوتی ہے کہ زیادہ سے زیادہ معلومات لے تاکہ وہ یہ فیصلہ کر سکے کہ یہ تبدیلی اپنانے کے قابل ہے یا نہیں۔

3- جائزہ (Analysis): اس مرحلہ میں اس چیز کے فوائد و نقصانات کا اندازہ لگایا جاتا ہے نیز اس

کی قیمت اور اس کے فوائد کا بھی جائزہ لیا جاتا ہے۔

4- تجربہ یا آزمائش (Experiment or Trial): کسی چیز کے بارے میں اوپر دیے گئے مراحل کے بعد اس کو آزمائشی بنیادوں پر اپنایا جاتا ہے اگر اس کے فوائد زیادہ ہوں اور وہ چیز زیادہ کار آمد ہو تو وہ لوگوں میں وسیع پیمانے پر مشہور ہو جاتی ہے۔

5- اپنانا یا ترک کر دینا (Adoption or Rejection): اوپر دیے گئے مراحل کے بعد کوئی بھی شخص اس فیصلہ پر پہنچ جاتا ہے کہ نئی چیز کو اپنایا جائے یا چھوڑ دیا جائے۔

معاشرتی تغیر کے عوامل/ذرائع/وجوہات
(Factors of Social Change)

معاشرے میں تبدیلیاں لانے والے عوامل حسب ذیل ہیں:

۱۔ ثقافتی منزل: ثقافت میں ایسے مقاصد موجود ہوں جن کے حصول کے لیے افراد کوشش کریں۔ ان مقاصد میں ثقافتی اقدار موجود ہوں۔ تو اپنی ضروریات پوری کرنے اور ان مقاصد و اقدار کے حصول کے لیے لوگ کوشش کرتے ہیں۔ جس سے معاشرے میں تبدیلیاں آتی ہیں۔ اس کا نام معاشرتی ترقی ہے جیسے لوگ نئے مکان بناتے ہیں۔ طلبہ اعلیٰ علوم کی ڈگریاں حاصل کرتے ہیں وغیرہ۔

۲۔ قدرتی وسائل کی موجودگی: معاشرے میں قدرتی وسائل کا موجود ہونا ضروری ہے۔ جن کے ذریعے تبدیلی لائی جاتی ہے۔ ان میں مادہ ساز و سامان یعنی قدرتی وسائل اور افرادی قوت شامل ہیں۔ قدرتی وسائل میں لوہے، کوئلے، گیس، تیل، چاندی، لوہا، تانبا، سونا وغیرہ کے ذخیرے ہوں۔ زرخیز زمینیں، دریا اور وسیع رقبہ شامل ہیں۔ افرادی قوت میں صحت مند افراد شامل ہیں۔

۳۔ تغیر کی طرف رجحان: افراد کا رجحان معاشرتی تغیر کی جانب پایا جانا ضروری ہے۔ جو معاشرے کی ثقافت پر منحصر ہے کچھ ثقافتیں جلد تبدیلیاں قبول کرتی ہیں اور کچھ آہستہ۔ جن ثقافتوں میں صنعت و حرفت ترقی پر ہے وہاں تغیر کی طرف رجحان تیز پایا جاتا ہے اور جن میں صنعتی و حرفی ترقی ست یا کم ہے۔ وہاں تغیر کے خلاف رجحان ملے گا۔

۴۔ ثقافتی دھچکا: بعض اوقات کسی ثقافت میں کوئی اہم دریافت یا ایجاد واقع ہو جاتی ہے۔ جس سے ثقافت اور معاشرے میں اچانک اہم تبدیلیاں آتی ہیں جیسے گیس، یورانیم اور تیل اچانک کسی ثقافت میں مل جائے تو لوگوں کی معیشت بدل جائے جس سے پوری معاشرتی زندگی بدل جائے۔ مئی ۱۹۹۸ء میں ایٹمی دھماکوں نے ہماری ثقافتی و معاشرتی زندگی کو بدل دیا اور قومی امنگوں و جذبات کو بین الاقوامی میدان میں تقویت بخشی۔

۵۔ ذرائع اطلاعات و نشریات: ریڈیو، انٹرنیٹ، اخبار، ٹیلی ویژن، سینما، نمائش میلے اور کتابیں معاشرے میں گرانقدر تبدیلیاں لاتے ہیں۔ لوگ ان کے ذریعے ثقافتی اقدار، عقائد، اور رسم و رواج کو بدلتے ہیں اور ان کی جگہ نئی روایات کو اپناتے ہیں۔ جس سے لوگوں کی پوری معاشرتی زندگی بدلتی ہے۔

۶۔ معاشرتی مسائل: معاشرے میں جو مسائل ابھرتے ہیں ان کے لیے حکومت اور دیگر ادارے ترقیاتی منصوبے جاری کرتے ہیں جن کے ذریعے لوگوں کی سرگرمیاں بدل جاتی ہیں۔ لوگوں کی معاشرتی زندگی میں تبدیلیاں آتی ہیں۔ جیسے سماجی و معاشی ترقی کے لئے پنج سالہ منصوبے و سوشل ایکشن پلان، غربت کے خاتمہ کے لئے خوشحالی بنک، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام، PRSP اور NRSP کا قیام شامل ہیں۔

۷۔ ثقافت پذیری: دوسری ثقافتوں کے ساتھ رابطہ قائم کر کے ہم اپنی ثقافت کو بدلتے ہیں۔ جس سے معاشرے میں تبدیلیاں آتی ہیں۔ دوسری ثقافت سے صنعتی مال اچھی کتابیں نئے رسم و رواج اور زبان کے اصول سیکھتے ہیں۔ جن کو اپنا کر ہماری معاشرتی زندگی بدل دی جاتی ہے۔ اس ثقافتی رابطے کے ذریعے معاشرے میں تبدیلیاں لائی جاتی ہیں۔

معاشرتی تغیر میں رکاوٹیں
(Resistance in Social Change)

کچھ عوامل معاشرتی تغیر میں رکاوٹ کی وجہ بھی بنتے ہیں۔ جو درج ذیل ہیں۔

ا۔ نئی ایجادات کا فقدان: جب تک معاشرہ میں نت نئی ایجادات ہوتی رہتی ہیں تب تک معاشرتی تبدیلیاں وقوع پذیر ہوتی ہیں۔ اگر ایجادات کا دروازہ بند ہو جائے تو معاشرتی تبدیلی کا عمل بھی ست یا ختم ہو جاتا ہے۔

۲۔ معاشرتی تبدیلی کے خلاف مزاحمت: لوگوں کا ایک خاص طبقہ خوامخواہ میں معاشرتی تبدیلیوں کی مزاحمت کرتا ہے اور ان کی ناکامی کے خلاف مہم چلاتا ہے۔ افراد میں اس قسم کے رجحان کا پایا جانا بھی معاشرتی تبدیلی کی راہ میں رکاوٹ ہے۔

۳۔ ناقص ایجادات: اگر ایجادات میں نقائص ہوں اور وہ اپنا مقصد پورا کرنے میں ناکام ہو جائے تو لوگ اس تبدیلی کو رد کر دیتے ہیں جس سے معاشرتی تبدیلی کا عمل رک جاتا ہے۔

۴۔ جہالت: لوگوں میں جہالت کی وجہ سے ہر معاشرتی تبدیلی کے خلاف مزاحمت پائی جاتی ہے اور

یہ لوگ ان تبدیلیوں کو سمجھنے سے قاصر ہوتے ہیں اور نہ ان کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں نتیجتاً معاشرتی تبدیلی میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے۔

۵۔ ماضی سے لگاؤ: لوگ اپنی پرانی عادات' رویے' روزمرہ کی چیزوں کے عادی ہوتے ہیں اور عرصۂ دراز سے ان کے ساتھ زندگی گزارنے کی وجہ سے ان سے محبت کرنے لگتے ہیں جس کے نتیجہ میں ہر نئی تبدیلی جو ان پرانی کے خلاف یا ان سے مختلف ہو اس کی مخالفت کرتے ہیں۔

۶۔ علم و معلومات کی کمی: کسی خاص نئی چیز یا ایجاد کے بارے میں بعض اوقات لوگوں میں علم اور معلومات کی کمی ہوتی ہے نتیجتاً وہ اس کے خلاف ہو جاتے ہیں۔

۷۔ معاشی بوجھ: تبدیلی کو اس وقت بھی لوگ روکتے ہیں اور اس کی مزاحمت کرتے ہیں جب یہ بہت مہنگی ہو اور لوگوں کی قوت خرید سے باہر ہو۔

۸۔ ذاتی مفادات: بعض اوقات کچھ مفاد پرست عناصر و گروہ کے مفادات رائج چیزوں کے ساتھ جڑے ہوتے ہیں جب کوئی تبدیلی انکے مفادات کیلئے نقصان دہ ہوں تو وہ اس کی مزاحمت کرتے ہیں۔

۹۔ معاشرتی اقدار: جب معاشرتی تبدیلیاں معاشرتی اقدار کے متصادم ہوں تو لوگ ان تبدیلیوں کو رد کر دیتے ہیں۔

۱۰۔ معاشرتی مسائل: جب لوگ یہ خطرہ محسوس کریں کہ معاشرتی تبدیلی معاشرتی مسائل پیدا کرے گی یا پھر مسائل میں اضافے کا باعث بنے گی تو وہ اس کی مزاحمت کرتے ہیں۔

پاکستانی معاشرہ میں معاشرتی تغیر
(Social changes in Pakistani Society)

۱۔ معاشی اداروں میں بلند معیار: ہمارے معاشرے میں صنعت و حرفت کی ترقی نے معاشی اداروں کا معیار بلند کیا ہے۔ جس سے لوگوں کا معیار زندگی بلند ہوا۔ لوگ زیادہ سے زیادہ معاشی وسائل کے حصول کی کوشش کرنے لگے ہیں۔ یہ بڑی ثقافتی تبدیلی ہے۔

۲۔ خاندانی نظام میں تبدیلی: ہمارے معاشرے کی صنعتی ترقی نے مشترکہ خاندانوں کو منتشر کرکے سادہ خاندانوں کا رواج ڈالا۔ کیونکہ صنعتی ترقی سے معاشی و معاشرتی آزادی حاصل ہوتی ہے۔ صنعتی اداروں میں کام کرنے والے افراد بھی اس سے متاثر ہوئے اور مشترکہ خاندان میں انتشار پیدا ہوا۔ یہ ثقافتی تغیر کی وجہ سے ہے۔

۳۔ اقدار میں تبدیلی: صنعتی و حرفتی تغیر نے قدیم اقدار کا تصور ہی بدل دیا۔ والدین، عمر رسیدہ بزرگ، دینی بزرگ اور اساتذہ کا جو احترام کیا جاتا تھا وہ قائم نہیں رہا۔ یہ ہمارے معاشرے کی بہت بڑی ثقافتی تبدیلی ہے۔

۴۔ رسومات میں تبدیلی: تعلیمی و صنعتی ترقی نے مل کر لوگوں کے رسم و رواج، عقائد، تصورات اور اقدار پر حملہ کیا۔ انہوں نے بہت سی پرانی رسومات کو جن میں شادی بیاہ اور رہن سہن کی رسومات شامل ہیں بدل ڈالا اور ان کی جگہ نئی رسومات اور اقدار کو اپنایا جو نئے تعلیمی و صنعتی ماحول سے پیدا ہوئی ہیں۔ یہ تبدیلی بھی ثقافتی تغیر ہے۔

۵۔ شہری زندگی کی بنیاد: تعلیمی و صنعتی ترقی نے معاشرے میں ایک اور بڑی تبدیلی پیدا کی وہ شہری آبادی میں اضافہ ہے۔ نیز نئے نئے شہر بس گئے۔ اس سے شہر بندی وجود میں آئی۔ شہر بندی کے ساتھ ساتھ اس کی تبدیلیاں بھی آئیں اور جس نے لوگوں کو نئی معاشرتی اقدار پر ڈھال دیا۔

۶۔ ذرائع ابلاغ میں تبدیلی: اخبار، کمپیوٹر، ٹی وی، انٹرنیٹ، موبائل فون، سینما وغیرہ اطلاعات کے ذرائع نے افراد کے تصور کو بدل دیا اور وہ پرانی باتوں کو چھوڑ کر اور پرانی روایات سے ہٹ کر نئی باتوں اور نئی اقدار کی طرف مائل ہو گئے۔ یہ عوامل ثقافتی تغیر میں نہایت موثر ثابت ہوئے اور انہوں نے بڑی بڑی ثقافتی تبدیلیاں پیدا کیں۔

۷۔ ثقافتی تبدیلی: ترقی پذیر معاشروں سے رابطہ قائم کر کے ہماری ثقافت نے بھی ان معاشروں سے بہت سی باتوں کو قبول کیا اور اس طرح اب ہماری ثقافت میں بہت سے نئے عناصر شامل ہوئے جن میں صنعتی و تعلیمی تغیر کے نشانات ملتے ہیں۔

اہم سوالات

۱۔ معاشرتی تغیر سے کیا مراد ہے؟ معاشرتی تغیر کے مراحل بیان کریں۔
۲۔ پاکستانی معاشرہ میں معاشرتی تغیر میں حائل رکاوٹیں بیان کریں۔
☜ ۳۔ معاشرتی تغیر سے کیا مراد ہے؟ اس کے عوامل بیان کیجئے۔
۴۔ معاشرتی تغیر کی تعریف کریں۔ نیز پاکستانی معاشرہ میں ہونے والی اہم تبدیلیاں بیان کریں۔

نوٹ: امتحانی نقطہ نگاہ سے اہم سوالات کے سامنے یہ نشان (☜) دیا گیا ہے۔

☆☆☆

مختصر سوالات وجوابات

☐ درج ذیل سوالات کے مختصر مگر جامع جواب دیں اور کوئی بھی جواب دو یا تین سطروں سے زیادہ نہ ہو۔

-1 **معاشرتی تغیر کی تعریف کریں؟**

جواب۔ سماجی ڈھانچہ اور سماجی تعلقات میں تبدیلی کو معاشرتی تغیر کہتے ہیں۔ (کنگزلے ڈیوس)

-2 **معاشرتی و ثقافتی تغیر کے درمیان تعلق بیان کریں؟**

جواب۔ ثقافتی تغیر اور معاشرتی تغیر دونوں ایک دوسرے کے ساتھ وابستہ ہیں معاشرتی تغیر سے ثقافتی تغیر ہوتا ہے اور ثقافتی تغیر سے معاشرتی تغیر ہوتا ہے یعنی ثقافت میں تبدیلی معاشرے میں تبدیلی لاتی ہے۔ جیسے کمپیوٹر کی ایجاد ایک ثقافتی تغیر ہے اور اس کے استعمال سے معاشرے میں جو تبدیلیاں اور ترقی ہوئی وہ معاشرتی تغیر ہے۔ لہٰذا ان دونوں میں گہرا تعلق ہے اور یہ ایک ورق کے دو اطراف کی طرح ہیں جنہیں جدا نہیں کر سکتے۔

-3 **کیا معاشرتی تغیر اکیلا واقع ہوتا ہے؟**

جواب۔ نہیں، معاشرتی تغیر کبھی اکیلا نہیں ہوتا بلکہ جن افراد، گروہ، اداروں یا طبقوں میں یہ ہوتا ہے وہ دوسرے افراد و اداروں کو بھی متاثر کرتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ ثقافتی تغیر کی وجہ بھی بنتا ہے۔

-4 **ہمارے معاشرے سے معاشرتی تغیر کی کوئی سی دو مثالیں دیں؟**

جواب۔ ☆ جدید ذرائع اطلاعات کی وجہ سے عادات و رسم و رواج میں تبدیلی معاشرتی تغیر ہے۔
☆ نظام تعلیم کی وجہ سے افراد خواندہ ہوئے جو کہ ایک معاشرتی تغیر ہے

-5 **معاشرتی تغیر کے کوئی سے دو عوامل لکھیں؟**

جواب۔ ☆ قدرتی وسائل کی موجودگی ☆ ذرائع اطلاعات و نشریات

-6 **معاشرتی تغیر میں دو رکاوٹیں بیان کریں۔**

جواب۔ ☆ جہالت ☆ ذاتی مفادات

-7 **پاکستان میں دو معاشرتی تبدیلیاں بیان کریں۔**

جواب۔ ☆ ذرائع ابلاغ میں تبدیلی
☆ اقدار میں تبدیلی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQs)

مندرجہ ذیل میں ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب پر ٹک (✓) کریں۔

1- ثقافتی تبدیلیاں جب افراد میں مقبول ہو جائیں تو کہلاتی ہیں؟
(a) معاشرتی تغیر (b) معاشرتی حالت (c) ثقافتی تغیر (d) معاشرتی فعل

2- شادہ بیاہ کے رسم ورواج میں تبدیلی کہلاتی ہے؟
(a) معاشرتی تغیر (b) ثقافتی تغیر (c) معاشی تغیر (d) سیاسی تغیر

3- ٹیلی فون، انٹرنیٹ کی آمد کونسی تبدیلی ہے؟
(a) معاشرتی (b) ثقافتی (c) معاشی (d) سیاسی

4- قصبوں کا شہروں میں تبدیل ہونا کونسا تغیر ہے؟
(a) ثقافتی تغیر (b) سماجی تغیر (c) سیاسی تغیر (d) طبعی تغیر

5- شرح آبادی میں کمی کونسی تبدیلی ہے؟
(a) سماجی (b) معاشی (c) ثقافتی (d) ماحولیاتی

6- کسی علاقے سے قدرتی وسائل کا دریافت ہونا کونسی تبدیلی ہے؟
(a) ثقافتی (b) معاشی (c) سماجی (d) سیاسی

7- معاشرہ کی ترقی کی وجہ ہے؟
(a) سڑکیں (b) زیادہ آبادی (c) زیادہ مسائل (d) تعلیم

8- کسی معاشرہ کے افراد کا اپنے آباؤاجداد سے مختلف سرگرمیوں میں حصہ لینا ظاہر کرتا ہے؟
(a) فوری ضرورت (b) معاشرتی تغیر (c) ثقافتی مماثلت (d) اختلافات

9- معاشرتی تغیر زیادہ ہوتا ہے؟
(a) شہر میں (b) دیہات میں (c) صحرا میں (d) جنگل میں

10- نظریہ مادیت کس نے پیش کیا؟
(a) امام غزالیؒ (b) آگبرن اینڈ نمکاف (c) کارل مارکس (d) ینگ اینڈ میک

11- پاکستان کا ۱۹۴۷ء کو وجود میں آنا ہے؟
(a) ثقافتی تغیر (b) معاشرتی تغیر (c) معاشی تبدیلی (d) تعلیمی

12- صنعتی وحرفی ترقی سے مشترکہ خاندانی نظام ہوا؟
(a) تبدیل (b) ساکن (c) خوش (d) کوئی نہیں

13- معاشرہ میں ترقی کی بڑی وجہ کون سی ہوتی ہے؟

www.downloadclassnotes.com

(a) تعلیم (b) معاشی حالت (c) سڑکیں (d) عمارتیں

-14 جب ایک ثقافت دوسری ثقافت کے خواص کو اپنے اندر جذب کرنا کہلاتا ہے؟
(a) سماجی تغیر (b) ثقافتی تغیر (c) صلح (d) مصالحت

-15 ہمارے معاشرے میں مغربی نظام تعلیم کا آنا کون سی تبدیلی ہے؟
(a) طبعی تغیر (b) سماجی تغیر (c) ثقافتی تغیر (d) معاشی تغیر

-16 ۱۹۶۵ء کی پاک وہند جنگ کے بعد معاہدہ تاشقند تھا؟
(a) صلح (b) سمجھوتہ (c) ثالثیت (d) مماثلت

☜ -17 سمجھوتہ کس کی ایک قسم ہے؟
(a) ثقافتی نفوذ (b) ثقافت پذیری (c) مصالحت (d) تحلیل یا مماثلت

☜ -18 ٹی وی، موبائل فون اور انٹرنیٹ کا استعمال ہے؟
(a) معاشرتی تغیر (b) ثقافتی تغیر (c) حرکت پذیری (d) معاشرتی انحراف

☜ -19 CNG ٹیکنالوجی کی آمد ہے؟
(a) ثقافتی تغیر (b) معاشرتی تغیر (c) معاشرتی حرکت (d) دریافت

☜ -20 دو قومی نظریہ ہے؟
(a) معاشرتی تغیر (b) ثقافتی تغیر (c) ثقافتی سانحہ (d) ان میں سے کوئی نہیں

-21 کمپیوٹر کے اثرات کیا کہلاتے ہیں؟
(a) ثقافتی تغیر (b) معاشرتی تغیر (c) معاشرتی رتبہ (d) درجہ بندی

-22 انگریزی زبان کا پاک وہند معاشرہ میں آمد ہے؟
(a) معاشرتی تغیر (b) ثقافتی مرکب (c) ثقافتی خاصہ (d) ثقافتی تغیر

☜ -23 تعلقات میں تبدیلی۔۔۔تغیر ہے؟
(a) معاشرتی (b) ثقافتی (c) حیاتیاتی (d) a اور b

☜ -24 اخلاقی اقدار میں تغیر کی وجہ؟
(a) مذہب (b) صنعتی ترقی (c) عمرانیات (d) جھگڑے

جوابات

(a) -6	(a) -5	(b) -4	(b) -3	(a) -2	(a) -1
(a) -12	(a) -11	(c) -10	(a) -9	(b) -8	(d) -7
(b) -18	(c) -17	(a) -16	(c) -15	(d) -14	(a) -13
(b) -24	(a) -23	(d) -22	(a) -21	(b) -20	(a) -19

نوٹ: امتحانی نقطہ نگاہ سے اہم سوالات کے سامنے یہ نشان (☜) دیا گیا ہے۔